# ماڈل پیپر "ایلیمنٹس آف ہوم اکنامکس"

## برائے سیکنڈری سکول پارٹ۔II ( جماعت دہم ) امتحان 2014ء و مابعد

وقت: 20 منٹ | حصہ معروضی | کل نمبر:15

نوٹ:۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

-1 (i) انسانی جسم کو صحت منداور چاق و چوبند رکھنے کے لئے ضرورت ہوتی ہے۔

(A) پانی کی (B) غذا کی (C) ہوا کی (D) پیسے کی

(ii) غذا کے بغیر انسان زندہ رہ سکتا ہے۔

(A) دو ہفتے (B) چار ہفتے (C) سات ہفتے (D) ایک ہفتہ

(iii) جسم کی نشوونما کے لئے ضرورت ہوتی ہے۔

(A) پروٹین (B) چکنائی (C) کاربوہائیڈریٹ (D) پانی

(iv) ایک گرام کاربوہائیڈریٹ والی غذا سے حرارے حاصل ہوتے ہیں۔

(A) دو (B) چھ (C) نو (D) چار

(v) فوری توانائی والی غذا کہا جاتا ہے۔

(A) وٹامن (B) کاربوہائیڈریٹ (C) گلوکوز (D) چکنائی

(vi) چکنائی میں شامل ہیں۔

(A) کاربن، ہائیڈروجن، آکسیجن (B) آکسیجن، نائیٹروجن، سلفر

(C) کاربن، آکسیجن، نائیٹروجن (D) آکسیجن، آئرن، ہائیڈروجن

(vii) ایک گرام چکنائی حرارے فراہم کرتی ہے۔

(A) دو (B) چھ (C) نو (D) چار

(viii) غذا میں پروٹین کی کمی کی وجہ سے بیماری ہوتی ہے جسکا نام۔

(A) بیری بیری (B) انیمیا (C) کواشیر کور (D) گلہڑ

(ix) وٹامن سی زیادہ مقدار میں پایا جاتا ہے۔

(A) سبز سبزیوں میں (B) رسدار پھلوں میں (C) گوشت میں (D) مغزیات میں

(x) وٹامن بی کمپلیکس مجموعہ ہے۔

(A) چھ وٹامن (B) آٹھ وٹامن (C) پندرہ (D) بارہ

(xi) دانتوں اور ہڈیوں کی نشوونما کرتے ہیں

(A) معدنی نمکیات (B) پروٹین (C) نشاستہ (D) چکنائی

(xii) وٹامن کی کمی سے متاثر ہوتی ہے۔

(A) بینائی (B) نظام ہضم (C) دوران خون (D) نظام تنفس

(xiii) ہیموگلوبن کا جز بن کر خون بناتا ہے۔

(A) آئرن (B) وٹامن (C) نشاستہ (D) پروٹین

(xiv) ایک بالغ آدمی کو روزانہ پانی ضرور پینا چاہیے۔

(A) آٹھ گلاس (B) چھ گلاس (C) پانچ گلاس (D) بارہ گلاس

(xv) ہماری خوراک میں امینو ترشوں کی تعداد ضروری ہے۔

(A) چھ (B) چار (C) پانچ (D) آٹھ

# ماڈل پیپر "ایلیمنٹس آف ہوم اکنامکس"

برائے سیکنڈری سکول پارٹ-II (جماعت دہم) امتحان 2014ء و مابعد

حصہ انشائی

وقت: 2:10 گھنٹے     کل نمبر: 60

## (PART-I حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) متوازن غذا کے کیا معنی ہیں؟

(ii) غیر متوازن غذا کے نتائج لکھیئے۔

(iii) غذا کے جسم میں کام تحریر کریں۔

(iv) حرارہ کی تعریف کریں۔

(v) کاربوہائیڈریٹ کے ذرائع کونسے ہیں نام لکھیں۔

(vi) چکنائی کے فوائد لکھیں۔

(vii) جسم کی نشوونما اور مرمت کرنے والی غذائیں کونسی ہیں؟

(viii) وٹامن کی تعریف کریں۔

(ix) کیلشیم کے جسم کو فوائد کونسے ہے لکھیں۔

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) معدنی نمکیات ہمارے لئے کیوں اہم ہیں؟

(ii) غذا کے انتخاب میں کن اصولوں پر عمل کرنا چاہیئے؟

(iii) فہرست طعام کے اصول کونسے ہیں؟

(iv) ناشتے کے لئے موزوں خوراک کونسی ہے؟

(v) دودھ پلانے والی ماں پر غیر متوازن غذا کا کیا اثر ہوتا ہے؟

(vi) گھریلو انصرام سے کیا مراد ہے؟

(vii) گھریلو انصرام کے اصول بیان کریں۔

(viii) وسائل کی اقسام لکھیں۔

(ix) اقدار سے کیا مراد ہے؟

-4 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیئے۔ 12

(i) مقاصد کی تعریف کریں۔

(ii) فرنیچر کی ترتیب کا بنیادی اصول کیا ہے؟

(iii) ہوم اکنامکس میں آرٹ سے کیا مراد ہے؟

(iv) آرٹ کے بنیادی اصول کونسے ہیں؟

(v) ہم آہنگی کی گھریلو سجاوٹ میں کیا اہمیت ہے؟

(vi) ڈیزائن کی اقسام کونسی ہیں؟

(vii) گھریلو سجاوٹ میں مقامی مصنوعات کا کردار بیان کریں۔

(viii) آرام دہ فرنیچر سے کیا مراد ہے؟

(ix) مقاصد کی اقسام لکھیں۔

## (PART-II حصہ دوم)

نوٹ:۔کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| 5- | غذا کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ | 8 |
| 6 - | پروٹین کے بارے میں تفصیل سے بیان کریں۔ | 8 |
| 7- | معدنی نمکیات کے نام لکھئے کسی ایک کے بارے میں تفصیل سے لکھئے۔ | 8 |
| 8- | ایک دن کے طعام کے مختلف اوقات میں غذا کا انتخاب کیسے کیا جاتا ہے؟ | 8 |
| 9- | آپ اپنے گھر کو خوبصورت اور آرام دہ کیسے بنائیں گی؟ | 8 |